05/01/2026

09.25/ AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گل سے خبریں سُنیے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نوجوان روشن مستقبل کے معمار اور ملک کی ترقی کے سفر میں ریڈھ کی ہڈی کے مانند ہے ۔ ایل جی نے ان باتوں کا اظہار گونڈا اُترپردیش میں منعقدہ راشٹر کتھا مہو اتسو کی تقریب سے خطاب کرنے کے دوران کیا ۔

انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے خو د شناسی کا عمل انتہائی ضروری ہے ، جس کے بعد وہ اپنے سماجی اور ملک کی ترقی کے سفر میں ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں نوجوانوں کے اہم رول کو اجا گر کیا ۔

منوج سنہا نے نوجوانوں کو با اختیار بنانے اور انہیں ملک کی گونا گوں ثقافت اور مالا مال ورثے کے ساتھ جوڑنے کیلئے پارلیمنٹ کے سابق رکن برج بھوشن شرن سنگھ کے رول کی ستائش کی۔

ستیش شرما

کابینہ وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ حکومت غیر ضروری بندشوں کو ختم کرکے Chhamb جیسے دور دراز کے علاقوں میں تمام فلاحی پروگراموں کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے ۔

وزیر کل چھمب میں ایک عوامی رابطہ کاری پروگرام کے دوران عوامی وفود کے ساتھ ملاقات کرکے کئی اہم معاملات کا جائزہ لے رہے تھے۔انہوں نے کئی مقامی ترقیاتی ضروریات کو پورا کرنے نیز کئی عوامی مسائل کا ازالہ کرنے کی خاطر موقعے پر ہی اپنے CDF سے رقومات مختص کی ۔

وزیر نے گول گجرال میں میں کھیل کود کی سرگرمیوں کو تقویت دینے کیلئے آنے والے دنوں میں منی سپورٹس اسٹیڈیم کی تجدید کاری کا بھی اعلان کیا۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود اور صحت کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ معاشرے کی ترقی کا اندازہ سب سے کمزور طبقوں کو دی جانے والی عزت اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات سے بخوبی لگایا جا سکتاہے۔

وزیر نے ان باتوں کا اظہار کل جموں میں Louise Braille کی 217ویں یوم پیدائش کے موقعے پر منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرنے کے دوران کیا۔

انہوں نے کہاکہ جسمانی طور خاص افراد کو با اختیار بنانے اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات کو تقویت دینا عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

عاقب رحمان

دریں اثنا کشمیر میں قوت بینائی سے محروم کئی ایک افراد اپنی محنت اور لگن کی بدولت ترقی کی بلندیوں کو چھو رہے ہیں اور انکی کامیابی کی داستان نہ صرف اس طبقے کے لوگوں، بلکہ پورے سماج کو تحریک بخشتی ہے ۔

Inclusive Insights فاونڈیشن کے بانی قوتِ بینائی سے محروم عاقب رحمان نے اس سلسلے میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

--------Aqib ------

گرو پورب

آ ج گرو گوبند سنگھ جی کا گرو پورب نہایت ہی مذہبی عقیدت و احترام کیساتھ منایاجا رہا ہے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گرو گوبند سنگھ جی کی جینتی پر تمام لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔انہوں نے گرو گوبند سنگھ جی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی تعلیمات اور سکھائے ہوئے اقدار ہمیشہ صداقت اور جذبہ ایثار کی ترغیب دیتے ہیں۔ انہوننے دعا کی کہ یہ دن جموں کشمیر میں دائمی امن اور باہمی روا داری کی نوید لیکر آئے ۔

کابینی وزراء، سکینہ ایتو ، جاوید رانا، جاوید ڈار اور ستیش شرما نے بھی گرو پورب کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔

زبیر سلیم

وادی کشمیر میں سردیوں کے دوران لوگوں بالخصوص بزرگوں کوکئی طرح کے طبی مسائل کا سامنا رہتا ہے۔ بزرگ افرادسردیوں کے ایام میں یاداشت کی کمی کی شکایت کرتے ہیں ۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Dr. Zubair............

پروگرام اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 اعشاریہ6 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت8اعشاریہ7 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ